109217 ـ ايام بيض پر سوموار اور جمعرات كے روزے كى فضيلت

سوال

ميرى والده ايك طويل عرصہ سے سوموار اور جمعرات كا روزہ ركھ رہى ہيں، اور اب وہ يہ معلوم كرنا چاہتى ہيں كہ يہ عمل افضل ہے يا كہ ہر ماہ ايام بيض كے تين روزے ركھنا افضل ہيں ؟

پسنديدہ جواب

الحمد للہ.

يہ عمل افضل اور بہت زيادہ ہے؛ اور ماہانہ تين روزے ركھنا اس ميں داخل ہيں، نبى كريم صلى اللہ عليہ وسلم بھى سوموار اور جمعرات كا روزہ ركھا كرتے اور آپ نے فرمايا:

" يہ دو دن ايسے ہيں جن ميں اعمال اللہ سبحانہ و تعالى كے سامنے پيش كيے جاتے ہيں، ميں يہ پسند كرتا ہوں كہ جب ميرے اعمال پيش كيے جائيں تو ميں روزے سے ہوں "

اللہ سبحانہ و تعالى ہى توفيق دينے والا ہے " انتہى

فضيلة الشيخ عبد العزيز بن باز رحمہ اللہ.